نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی زیرصدارت ضلع میانوالی میں محکمہ زراعت اورنجی کھاد بنانے والی کمپنی کے تعاون سے کسان کنونشن برائے فصلات ربیع 22-2021 کا انعقاد۔صوبائی وزیر جنگلات سردار محمد سبطین خان، محکمہ زراعت کے اعلیٰ افسران اور کاشتکاروں کی کثیر تعداد کی شرکت

گندم کی سپورٹ پرائس میں اضافہ کا جلد اعلان کیا جائے گا۔صوبائی وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور14 اکتوبر2021: گندم کی فصل ملکی فوڈ سیکیورٹی میں کلیدی کردار کی حامل ہے۔ملک میں گندم کی مجموعی پیداوار میں صوبہ پنجاب کا حصہ 76 فیصد ہے۔امسال صوبہ پنجاب کے لئے گندم کا پیداواری ہدف 2 کروڑ 20 لاکھ ملین ٹن مقرر کیا گیا ہے جسے یقینی بنانے کیلئے گندم کے کاشتکار منظور شدہ اقسام کا بیج استعمال کریں۔گندم کی زیادہ پیداوار کے لئے جاری مہم کو کامیاب بنانے کے لئے کاشتکاروں کی عملی شرکت لازمی ہے اور اس مقصد کے لئے محکمہ زراعت کا عملہ ان کے شانہ بشانہ شریک ہوگا ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے ضلع میانوالی میں محکمہ زراعت اور نجی کمپنی کے تعاون سے منعقدہ کسان کنونشن برائے فصلات ربیع 22-2021 کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔صوبائی وزیر زراعت نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان کے زرعی ایمرجنسی کے تحت 12 ارب 59 کروڑ روپے کی لاگت سے گندم کی پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ پر عملدرآمد جاری ہے اور امسال اس پروگرام کے تحت کاشتکاروں کو 10 لاکھ منظور شدہ اقسام کے بیج کے تھیلے، جڑی بوٹی مار زہریں اور جدید زرعی مشینری سبسڈی پر فراہم کی جائے گی تا کہ گندم کے پیداواراہداف کو یقینی بنایا جاسکے۔صوبائی وزیر زراعت نے مزید کہا کہ حکومت کی کسان دوست پالیسیوں اور کاشتکار بھائیوں کی محنت کے باعث صوبہ کی تاریخ میں پہلی مرتبہ گندم کی 2 کروڑ 9 لاکھ میٹرک ٹن پیداوار حاصل ہوئی اور اس کی کاشتکاروں کو اچھی قیمت بھی یقینی بنائی گئی۔امسال بھی کاشتکار گندم کی کاشت زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کریں۔انشاءاللہ امسال بھی کاشتکاروں کو گندم کی بہتر قیمت ملے گی اور حکومت ان سے ایک ایک دانہ خرید کرے گی۔اس موقع پر وزیر جنگلات سردار محمد سبطین خان نے کہا کہ میں ایک خود کاشتکار ہوں اور کاشتکاروں کے مفادات کے تحفظ کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھاتا ہوں۔ممبر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان بھچر نے کہا کہ ضلع میانوالی میں آبپاشی کے لئے دستیاب پانی کے مسائل کو حل کرنے کیلئے حکومت پنجاب عملی اقدامات اٹھارہی ہے۔ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر انجم علی نے کہا کہ محکمہ زراعت گندم کے معیاری بیج اور دیگر زرعی مداخل کی فراہمی سمیت کاشتکاروں کی فنی راہنمائی میں مصروفِ عمل ہے۔ٹیکنیکل ہیڈ فاطمہ فرٹیلائزر کمپنی نصیراللہ خان نے کہا کہ کھادوں کے متناسب استعمال سے گندم کی اوسط پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ کیا جاسکتا ہے۔اکسان کنونشن میں صوبائی وزیر جنگلات سردار محمد سبطین خان، ممبر صوبائی اسمبلی ملک احمد خان بھچر، ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر انجم علی، ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب محمد رفیق اختر سمیت کاشتکاروں کی کثیر تعداد شریک ہوئی۔

☆☆☆☆